سوال

(367) نماز میں رفع الیدین کرنا سنت ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

1۔ آیا رفع الیدین سنت ہے سنت کی تعریف اور رفع الیدین کے لیے لفظ سنت قرآن حدیث میں کہاں آیا ہے۔ وضاحت فرمائیں؟
2۔ ایسی صحیح احادیث جن میں ذکر ہو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وفات تک رفع الیدین کرتے رہے ہیں، باحوالہ نقل فرمائیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رفع الیدین کیا کرتے تھے، قرآن مجید میں ہے : وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (الأعراف:۱۵۸)

''اور تم اسی کی پیروی کرو، تاکہ راہِ راست پاؤ۔''

نیز قرآنِ مجید میں ہے : لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب:۲۱)

''تمہارے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں بہترین نمونہ ہے۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : «صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي» (صحيح البخاري، كتاب الأذان، باب الأذان للمسافر إذا كانوا جماعة)

''تم اس طرح نماز پڑھو، جس طرح مجھے پڑھتے دیکھتے ہو۔''

باقی سنت کی تعریف قرآن وحدیث سے مجھے تو کہیں نہیں ملی۔
2۔ اس کی دلیل وہی ہے جو شروع نماز میں تا وفات رفع الیدین کرنے کی دلیل ہے۔ واللہ اعلم

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1